Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Translation Studies) III Semester Examination, December 2023

Paper : MATS301CCT : Machine Translation-II

پرچہ : مشینی ترجمہ-II

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i. ڈاکٹر لازارڈ کی جانب سے 1887ء میں تیار کردہ زبان کا نام کیا ہے؟

ii. سی ڈیک پونے کی جانب سے تیار کردہ اردو ہندی ٹرانس لٹریشن سوفٹ ویر کا نام کیا ہے؟

iii. کمپیوٹر یا مشین کے لیے قابل مطالعہ مواد کو کیا کہتے ہیں؟

iv. مشینی ترجمہ کا اصل چیلنج کیا ہے؟

v. NLP کا پھیلاو؟

vi. معلومات کا دوبارہ حصول (Information Retrieval) معلومات کو اخذ کرنا (Information Extraction) کیا ایک ہی ہیں؟ (ہاں/ نہیں)

vii. 1991ء میں انگلا بھارتی نے کون سی دو دوزبانوں کی جوڑی کا پہلا نمونہ پیش کیا تھا؟

viii. NLP اور مشینی اکتساب (Machine Learning) میں کیا فرق ہے؟

ix. مشینی ترجمہ کے میدان میں Pushpack Bhattacharya کی کتاب کا نام کیا ہے؟

x درج ذیل میں سے کون سا مشینی ترجمہ کا نظام ہے۔

(a) گوگل ٹرانسلیٹ (b) Siri (c) Amazon Alexa (d) M.S. Word

حصہ دوم

2. ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ فار انڈین لینگویجس (TDIL) کی جانب سے فراہم کیے جانے والے Validators / Localization Tools پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3. ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ فار انڈین لینگویجس (TDIL) کی جانب سے فراہم کیے جانے والے Linguistic Resources & Tools پر مختصر نوٹ لکھیے۔

4. مشینی ترجمہ کا نظام ماترا (Matra) کس طرح کام کرتا ہے۔

5. معیار بندی کے وسائل اور آلات کی تیاری میں ٹی ڈی آئی ایل کے کردار کا مختصر جائزہ لیجیے۔

6. سمپرک پروجکٹ کا مختصر تعارف کرائیے۔

7. انگریزی سے ہندوستانی زبانوں مین ترجمہ کے نظام انوواد کش (Anuvadaksh) پر مختصر نوٹ لکھیے۔

8. مشینی ترجمہ سے متعلق کوئی دو اہم رسائل و جرائد کا تعارف کرائیے۔

9. پروفیسر پشپک بھٹا چاریہ کی تصنیف کردہ کتاب، مشین ٹرانسلیشن کا تفصیلی تعارف کرائیے۔

حصہ سوم

10. تجارتی میدان میں مشینی ترجمہ کے استعمال (Applications of MT) کی مختلف نوعیّتوں کو تفصیل سے سمجھائیے۔

11. آئی آئی آئی ٹی حیدرآباد کے لسانیاتی تکنالوجی مرکز (LTRC) میں اردو سے متعلق مشینی ترجمہ کے میدان میں جاری تحقیقی سرگرمیوں کا تعارف کراتے ہوئے اہم اردو پروڈکٹس اور خدمات پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

12. کارپس کیا ہے؟ مرکز برائے لسانی انجینئرنگ (CLE) پاکستان کی جانب سے تیار کردہ ٹیکسٹ کارپورہ کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

13. مرکز برائے لسانی انجینئرنگ (CLE) پاکستان کی جانب سے فراہم کی جارہی ویب پر مبنی تینوں خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

14. مشینی ترجمہ کے میدان مصروف کار انجمنوں اور سوسائٹیوں کا تعارف کرائیے اور اس میدان میں کارآمد ویب سائٹس پر نوٹ لکھیے۔

☆☆☆